**[AS PASSED BY THE NATIONAL ASSEMBLY]**

**A**

**Bill**

to make provisions for prohibition of corporal punishment against children.

*WHEREAS* the Constitution recognizes the inviolability of dignity of a person as fundamental right;

*WHEREAS* it is necessary to make provisions for the protection of children against corporal punishment by any person, at work place, in all types of educational institutions including formal, non-formal, and religious both public and private, in child care institutions including foster care, rehabilitation centers and any other alternative care settings both public and private, and in the Juvenile Justice System;

*AND WHEREAS* Pakistan has ratified United Nations Convention on Rights of the Child (1989) and in accordance with Article 19 of this Convention, Government of Pakistan has committed to taking all appropriate legislative, administrative, social and educational measures to protect the child from all forms of physical or mental violence, injury or abuse, neglect or negligent treatment, maltreatment or exploitation;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title, extent and Commencement.**– (1) This Act may be called the Islamabad Capital Territory Prohibition of Corporal Punishment Act, 20 21

(2) It extends to the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.**– (1) In this Act, unless the context otherwise requires,–

(a) "care institutions" means an educational institution, an orphanage or a place of safety for one or more children for the purposes of providing alternative care or foster care; it may include a children's home, rehabilitation center or shelter either on permanent or temporary basis whether public or private; registered or unregistered;

(b) "child" means any person under the age of eighteen years;

(c) "corporal" or "physical" means any punishment in which physical force is used and intended to cause some degree of pain or discomfort, however light it may be, which may involve hitting ("smacking", "slapping", "Spanking") a child, with the hand or with an implement (a whip, stick, belt, shoe, wooden spoon, etc.) including kicking, shaking or throwing a child, scratching, pinching, biting, pulling hair or boxing ears. Forcing a child to stay in uncomfortable positions, burning, scalding or forced ingestion for example, washing a child's mouth out with soap or forcing him to swallow hot spices, including mental abuse or any other kind of punishment but not limited to:

(i) "assault" as defined in section 351 of the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860) hereinafter referred to in this section as "the said Code";

(ii) "hurt" as defined in section 332 of the said Code;

(iii) "criminal force" as defined in section 350 of the said Code; and

(iv) other non-physical forms of punishment which are cruel and degrading, for example, punishment which belittles, humiliates, denigrates, scapegoats, threatens, scares or ridicules the child;

(d) "educational institution" means any institution where any kind of instruction is imparted in a formal or non-formal way whether it is on a full time or part time basis; including boarding houses, both public or private; registered or unregistered;

(e) "work place" means the place of work or the premises where an organization or employer operates and includes building, factory, shop, commercial establishment, workshop, farm, residential hotel or restaurant, open area or a larger geographical area where the activities of the organization or of employer are carried out and including any situation that is linked to official work or official activity outside the office.

(2)"words and,expression" used but not defined shall have the same meaning as assigned in the respective laws.

**3. Prohibition of Corporal Punishment.**– (1) The child has the right to be shown respect for his personality and individuality and shall not be made subject to corporal punishment or any other humiliating or degrading treatment.

(2) Notwithstanding anything contained in section 89 of the Pakistan Penal code, 1860 and any other law and regulation for the time being in force, corporal punishment of children by any person is prohibited in all its forms, at work place, in schools and other educational institutions including formal, non-formal, and religious, both public and private, in child care institutions including foster care, rehabilitation centers and any other alternative care settings, both public and private, and in the Juvenile Justice System.

(3) Disciplinary measures concerning the child can only be taken in accordance with the child's dignity, and under no circumstances corporal punishments, or punishments which relate to the child's physical and mental development or which may affect the child's emotional status are allowed.

**4. Penalties.**– (1) Whoever violates the provisions of section 3 of this Act shall be liable to the punishments prescribed for the said offences in the Pakistan Penal Code, 1860 and in other enactments.

(2) The following minor and major penalties shall be in addition to other enactment, who violate the provisions of section 3 of this Act in educational, care institutions, and in other alternative care setting:-

(a) <u>Minor penalties:</u>

(i) censure;

(ii) withholding, for a specific period, promotion or increment, otherwise than for unfitness for promotion or financial advancement in accordance with the rules or orders pertaining to the service or post;

(iii) stoppage from promotion, for a specific period, at an efficiency bar in the time- scale, otherwise than for unfitness to cross such bar; and

(iv) recovery from pay of the whole or any part of any pecuniary loss caused to government by negligence or breach of orders;

(b) Major penalties:

(i) demotion to a lower post or time-scale, or to a lower stage in a time scale;

(ii) compulsory retirement;

(iii) removal from service; and

(iv) dismissal from service.

(3) Removal from service does not, but dismissal from service does, disqualify for future employment.

(4) In this section removal or dismissal from service does not include the discharge of a person-

(a) appointed on probation, during the period of probation, or in accordance with the probation or training rules applicable to him ;or

(b) appointed, otherwise than under a contract, to hold a temporary appointment, on the expiration of the period of appointment; or

(c) engaged under a contract in accordance with the terms of the contract.

5. **Cognizance of Offence.-** Cognizance of offence under this Act shall be taken by a court of a magistrate upon complaint by the child on whom punishment is inflicted or the parent of such child or his next of kin.

6. **Enforcement of the provisions of this Act to private institutions.–** (1) The Federal Government shall devise a comprehensive system for the enforcement and monitoring of the Act in private institutions whether registered or unregistered.

(2) All private institutions shall formulate a complaint system to address corporal punishment.

(3) At the time of registration the private institutions will have to submit an undertaking in writing that they will be responsible for the formulation of complaint system in line with the Act and Rules made there under for entertaining complaints of corporal punishment; failing which will make them liable to the cancelation of registration. The form of undertaking will be prescribed.

(4) In case of a private institution the complaint of corporal punishment may also be filed for invoking the provisions of the Act before an authority which may be prescribed.

7. **This Act to override all other laws.–** The provisions of this Act shall override all other laws for the time being in force.

8. **Rules.–** (1) The Federal Government may make rules, by official notification under the Act, within six months after promulgation of this Act.

(2) The Federal Government shall amend the Code of Conduct for teachers and the relevant Rules etc. to include the prohibition of corporal punishment against children at workplace and in

all educational institutions including formal, non-formal, and religious, both public and private, and in child care institutions including foster care, rehabilitation centers, and any other alternative care settings, both public and private and in Juvenile Justice System.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Physicians, psychologists, and educationists around the globe have pointed out towards negative effects of physical punishment of children on their mental and cognitive development. Countless studies have proved that corporal punishment and uncongenial learning environment creates a number of psycho-social imbalances in the personalities of children including aggression. Experts have consensus that physical punishment can have adverse consequences on the child's health, particularly their behavior and emotional wellbeing. One of the reasons attributed to the higher drop-out rate in schools and low learning outcomes of students is physical punishment and castigation of pupils by the teachers.

The cases of injuries inflicted by teachers on their students are regularly reported by the media. In accordance with United Nations Convention on Rights of Child (1989) ratified by Pakistan, it is now the responsibility of the state to protect children from all forms of physical and mental violence and maltreatment. Therefore, it is desirable that corporal punishment is banned legally and declared an offense through an Act.

Sd/-
**Ms. Mehnaz Akber Aziz**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی کی پاس کردہ صورت میں]

## بچوں کو جسمانی سزا دینے کی ممانعت کے لئے احکامات وضع کرنے کا

## بل

چونکہ آئین کسی شخص کے شرف کے قابل حرمت ہونے کو بنیادی حق تسلیم کرتا ہے؛

چونکہ کسی مقام کار، ہر قسم کے تعلیمی اداروں بشمول روایتی اور غیر روایتی اور مذہبی سرکاری اور نجی دونوں میں، بچوں کی دیکھ بھال کے اداروں بشمول رضاعی دیکھ بھال، بحالی مراکز اور کسی بھی دوسری متبادل دیکھ بھال کے بندوبست سرکاری اور نجی دونوں میں، اور نظام انصاف نابالغاں میں کسی شخص کی جانب سے دی جانے والی جسمانی سزا سے بچوں کو محفوظ رکھنے کے لئے احکامات وضع کرنا ضروری ہے؛

اور چونکہ پاکستان نے بچوں کے حقوق کے بارے میں اقوام متحدہ کے کنونشن (1989ء) کی توثیق کی ہے اور کنونشن ہذا کے آرٹیکل 19 کے مطابق، حکومت پاکستان نے بچوں کو ہر قسم کے جسمانی یا ذہنی تشدد، زخم یا زیادتی، غفلت یا غفلت آمیز سلوک، بدسلوکی یا استحصال سے تحفظ فراہم کرنے کے لئے جملہ موزوں قانون سازی، انتظامی اور تعلیمی اقدامات اٹھانے کا عہد کیا ہے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

1۔ مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔ (1) ایکٹ ہذا علاقہ دارالحکومت اسلام آباد امتناع جسمانی سزا ایکٹ 2021ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(2) یہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد پر وسعت پذیر ہوگا

(3) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

2۔ تعریفات:۔ ایکٹ ہذا میں بجز اس کے کہ سیاق وسباق اس کے برعکس متقاضی ہو،۔

(الف) ''نگہداشتی اداروں'' سے مراد کوئی تعلیمی ادارہ، یتیم خانہ یا حفاظت گاہ ہے جس میں متبادل نگہداشت یا رضاعی دیکھ بھال کے اغراض سے ایک یا زائد تعداد میں بچے مقیم ہوں اور اس میں اطفال گھر، بحالی مرکز یا پناہ گاہ چاہے وہ مستقل بنیاد پر ہو یا عارضی بنیاد پر، چاہے سرکاری ہو یا نجی، رجسٹرڈ ہو یا رجسٹرڈ نہ ہو، شامل ہو سکتی ہے؛

(ب) ''بچے'' سے اٹھارہ سال سے کم عمر کا کوئی شخص مراد ہے؛

(ج) ''جسمانی یا طبعی سزا'' سے مراد ایسی کوئی سزا ہے جس میں طبعی قوت استعمال کی جائے اور اس کا مقصد کسی نوعیت کا درد یا تکلیف پہنچانا مقصود ہو، چاہے یہ کتنی ہی ہلکی کیوں نہ ہو، جس میں بچے کو ہاتھ سے (زور کا تھپڑ لگانا، تھپڑ لگانا، جوتے لگانا) یا کسی چیز (چابک، چھڑی، پیٹی، جوتا، لکڑی کا چمچ وغیرہ) سے پٹائی کرنا ہو نیز اس میں بچے کو ٹھڈا مارنا، جھنجھوڑنا یا پھینکنا، خراش ڈالنا، چبھونا یا دانتوں سے کاٹنا، بالوں سے پکڑ کر کھینچنا یا کان پر تھپڑ لگانا شامل ہے۔ بچے کو تکلیف دہ حالتوں میں رہنے پر مجبور کرنا، جلانا، ابلتے ہوئے پانی سے زخمی کرنا یا جبری غذا پڑی کرانا مثلاً بچے کے منہ کا باہر کا حصہ صابن سے دھونا یا گرم مصالحے نگلنے پر مجبور کرنا بشمول ذہنی زیادتی یا کسی اور طرح کی سزا دینا مگر اس تک محدود نہیں:

(i) ''حملہ'' جیسا کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ نمبر 45 مجریہ 1860ء) جس کا بعد ازاں اس دفعہ میں ''مذکورہ مجموعہ قوانین'' کے طور پر، حوالہ دیا گیا ہے کی دفعہ 351 میں تعریف کردہ کے مطابق؛

(ii) ''زخمی'' جیسا کہ مذکورہ مجموعہ قوانین کی دفعہ 332 میں تعریف دی گئی ہے؛

(iii) ''مجرمانہ قوت'' جیسا کہ مذکورہ مجموعہ قوانین کی دفعہ 350 میں تعریف دی گئی ہے؛ اور

(iv) سزا کی دیگر غیر طبعی صورتیں جو ظالمانہ اور ہتک آمیز ہوتی ہیں مثلاً ایسی سزائیں جو بچے کی بے قدری کریں، اہانت کریں، بدنام کریں، دوسروں کی خاطر قربانی کا بکرا بنائیں، دھمکائیں خوفزدہ کریں یا تمسخر اڑائیں؛

(د) ''تعلیمی ادارے'' سے مراد کوئی ادارہ ہے جہاں روایتی یا غیر روایتی انداز میں کسی قسم کی تعلیم دی جاتی ہو چاہے یہ کل وقتی بنیاد پر ہو یا جز وقتی بنیاد پر بشمول بورڈنگ ہاؤسز؛ سرکاری ہو یا نجی دونوں؛ رجسٹرڈ ہو یا رجسٹرڈ نہ ہو؛

(ہ) ''مقام کار'' سے مراد مقام کار یا وہ احاطہ عمارت ہے جہاں کوئی تنظیم یا آجر کام کرتا ہو اور اس میں عمارت، کارخانہ، دکان، تجارتی مرکز، ورکشاپ، فارم، رہائشی ہوٹل یا ریستوران، کھلا علاقہ یا ایک وسیع تر جغرافیائی رقبہ جہاں تنظیم یا آجر کی سرگرمیاں انجام دی جاتی ہوں شامل ہے اور ایسی کوئی بھی صورتحال شامل ہے جو سرکاری کام یا دفتر سے باہر سرکاری سرگرمی سے منسلک ہو۔

(۲) ''الفاظ اور عبارتیں'' استعمال کی گئیں مگر ان کی تعریف نہیں کی گئی، کے وہی معنی ہوں گے جیسا کہ متعلقہ قوانین میں انہیں دیئے گئے ہیں۔

3- <u>جسمانی سزا کی ممانعت</u>۔ (1) بچہ کو یہ حق حاصل ہے کہ اس کی شخصیت اور انفرادیت کی تکریم کی جائے اور اس کے ساتھ جسمانی سزا یا کسی اور تذلیل یا ذلت آمیز سلوک تابع نہیں کیا جائے گا۔

(2) مجموعہ تعزیرات پاکستان، 1860ء کی دفعہ 89 اور فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون وضابطہ میں شامل کسی امر کے باوجود، رسمی، غیر رسمی اور مذہبی، سرکاری ونجی دونوں طرح کے مقام کار، سکولوں اور دیگر تعلیمی اداروں میں اور نظام انصاف نابالغاں میں بچوں کی نگہداشت کے اداروں بشمول رضاعی دیکھ بھال، بحالی مراکز اور نگہداشت کی کسی دیگر ترکیب میں کسی شخص کی جانب سے بچے کو دی جانے والی ہر قسم کی جسمانی سزا کی ممانعت ہے۔

(3) بچہ سے متعلق انضباطی تدابیر بچہ کی وجاہت ومنزلت کے مطابق ہی کی جاسکتی ہیں نیز جسمانی سزائیں یا ایسی سزائیں جو کہ بچہ کی جسمانی اور ذہنی نشوونما سے متعلق ہوں یا بچہ کی جذباتی کیفیت کو متاثر کریں، کی کسی بھی صورت حال میں اجازت نہیں ہے۔

4- <u>تعزیرات</u>۔ (1) جو کوئی ایکٹ ہذا کی دفعہ 3 کے احکامات کی خلاف ورزی کرے گا وہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، 1860ء اور دیگر قوانین میں مذکورہ جرائم کی بابت مقررہ سزاؤں کا مستوجب ہوگا۔

(2) درج ذیل معمولی اور بڑی تعزیرات دیگر قانون کے علاوہ ہوں گی جو تعلیمی، نگہداشت کے اداروں اور نگہداشت کے دیگر متبادل مقامات میں ایکٹ ہذا کی دفعہ 3 کے احکامات کی خلاف ورزی کرے گا۔

(الف) <u>معمولی سزائیں:</u>

(i) ملامت؛

(ii) سروس یا عہدے سے متعلق قواعد یا احکامات کے مطابق ترقی یا مالی پیش رفت کی بابت غیر موزونیت سے ہٹ کر ترقی یا انکریمنٹ کو ایک مخصوص عرصے تک روکے رکھنا؛

(iii) ماسوائے غیر موزونیت کے اوقاتی پیمانہ میں حد اہلیت کی بابت مخصوص مدت کے لئے ترقی روکنا تا کہ یہ حد عبور کی جاسکے؛

(iv) احکامات میں غفلت برتنے یا توڑنے سے کلیتاً یا جزوی طور پر حکومت کو پہنچنے والے کسی نقصان کی تنخواہ سے بازیابی؛

(ب) <u>بڑی سزائیں:</u>

(i) نچلی اسامی یا مخصوص مدت کے لئے تنزلی یا مخصوص مدت کے لئے نچلے درجے پر تنزلی؛

(ii) جبری فارغ الخدمتی؛

(iii) ملازمت سے برطرفی؛ اور

(iv) ملازمت سے موقوفی۔

(3) ملازمت سے برطرفی کی صورت میں مستقبل کے لئے ملازمت کے لئے اہل نہیں جبکہ ملازمت سے موقوفی کی صورت میں مستقبل کے لئے ملازمت کے لئے اہل ہے۔

(4) دفعہ ہذا میں ملازمت سے برطرفی یا موقوفی کسی شخص کی ملازمت سے برخاستگی شامل نہیں ہے۔

(الف) مدت آزمائش پر تقرر یافتہ، مدت آزمائش کے دوران، یا اس پر قابل اطلاق آزمائش یا تربیت کے قواعد کے مطابق؛ یا

(ب) مدت تقرری کے اختتام پر کسی عارضی تقرری پر رہنے کے لئے کنٹریکٹ کے علاوہ تقرر یافتہ؛ یا

(ج) کنٹریکٹ کی شرائط کے مطابق کسی کنٹریکٹ کے تحت مصروف کار۔

5۔ **جرم کا اختیار سماعت۔** ایکٹ ہذا کے تحت جرم کا اختیار سماعت مجسٹریٹ کی عدالت کی جانب سے اس بچے جسے سزا دی گئی ہو یا ایسے بچے کے والدین یا اس کے قریبی رشتہ دار کی شکایت پر استعمال کیا جائے گا۔

6۔ نجی اداروں پر ایکٹ ہذا کی دفعات کا نفاذ:۔ (1) وفاقی حکومت نجی اداروں چاہے رجسٹرڈ ہوں یا غیر رجسٹرڈ، میں ایکٹ ہذا کے نفاذ اور نگرانی کے لئے ایک جامع نظام وضع کرے گی۔

(2) جسمانی سزا کے ازالہ کے لئے تمام نجی ادارے ایک شکایت کا نظام تشکیل دیں گے۔

(3) رجسٹریشن کے وقت نجی اداروں کو تحریری بیان حلفی پیش کرنا ہوگا کہ وہ جسمانی سزا کی شکایات کے لئے ایکٹ اور اس کے تحت قواعد کے مطابق شکایت کا نظام تشکیل دینے کے ذمہ دار ہوں گے، ناکامی کی صورت میں ان کی رجسٹریشن منسوخ ہوگی۔ بیان حلفی کا فارم تجویز کیا جائے گا۔

(4) نجی اداروں کی صورت میں جسمانی سزا کی شکایت ایکٹ کی تصریحات پر عملدرآمد کے لئے مجوزہ اتھارٹی کے سامنے بھی دائر کی جا سکتی ہے۔

7۔ ایکٹ ہذا دیگر قوانین پر غالب ہوگا:۔ ایکٹ ہذا کی تصریحات فی الوقت نافذ العمل تمام قوانین پر غالب ہوں گی۔

8۔ قواعد:۔ (1) وفاقی حکومت، سرکاری اعلامیہ کے ذریعے ایکٹ ہذا کے نفاذ کے چھ ماہ کے اندر قواعد وضع کرے گی۔

(۲) وفاقی حکومت مقام کار پر اور تمام تعلیمی اداروں بشمول سرکاری و نجی دونوں میں روایتی اور غیر روایتی اور مذہبی اداروں میں اور بچوں کی نگہداشت کے اداروں بشمول رضاعی نگہداشت، بحالی مراکز اور سرکاری اور نجی شعبہ میں کوئی دیگر متبادل نگہداشت اداروں میں بچوں کے خلاف جسمانی سزا کی ممانعت کو شامل کرنے کے لئے اساتذہ کے لئے ضابطہ اخلاق اور متعلقہ قواعد وغیرہ اور کم سن اشخاص کے نظام عدل میں ترمیم کرے گی۔

## بیان اغراض و وجوہ

دنیا بھر کے ماہرین طب؛ ماہرین نفسیات اور ماہرین تعلیم نے بچوں کی جسمانی سزا کے ان کی ذہنی اور سمجھ بوجھ کی صلاحیت کی نشوونما پر منفی اثرات کی طرف نشاندہی کی ہے۔ بے شمار جائزے یہ بات ثابت کر چکے ہیں کہ جسمانی اور ناخوشگوار تدریسی ماحول بچوں کی شخصیت میں تشدد سمیت کئی نفسیاتی۔ سماجی عدم توازن پیدا کرتا ہے۔ ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ جسمانی سزا بچوں کی صحت بالخصوص ان کے رویے اور جذباتی نشوونما پر برے اثرات مرتب کر سکتی ہے۔ اسکول چھوڑنے والے بچوں کی بلند شرح اور طالب علموں کے پست تعلیمی نتائج کی وجوہات میں سے ایک وجہ اساتذہ کی جانب سے طالب علموں کو دی جانے والی جسمانی سزا اور سخت سرزنش ہے۔

میڈیا اساتذہ کی جانب سے طالب علموں کو زخمی کرنے کے واقعات کی باقاعدگی سے رپورٹنگ کرتا رہا ہے۔ پاکستان کی جانب سے توثیق کردہ بچوں کے حقوق پر اقوام متحدہ کے کنونشن (1989ء) کے مطابق اب بچوں کو ہر قسم کے جسمانی اور ذہنی تشدد اور برے سلوک سے تحفظ فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ لہٰذا، ضروری ہے کہ جسمانی سزا پر ایک ایکٹ کے ذریعے قانونی پابندی عائد کی جائے اور اسے ایک جرم قرار دیا جائے۔

دستخط/-

محترمہ مہناز اکبر عزیز

رکن، قومی اسمبلی